
حصّہ دوم

# حَرَکات

## حرکات کی نظم




زبر، زیر، پیش — اَ، اِ، اُ

کھڑا زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش — اَا، اِیْ، اُوْ

دوزبر، دوزیر، دوپیش — اَنْ، اِنْ، اُنْ

شدّہ، مد، سکون



| واؤمد | یاء مد | الف مد |
|---|---|---|
| ـُوْ | ـِیْ | ـَا |

| | | |
|---|---|---|
| ـٌ | ـٍ | ـً |

حرکات کی نظم ٹی پی آئی کے طریقے پر پڑھی جائے گی جیسا کہ ویڈیو میں بتایا گیا ہے

اور وہ نظم ہے:

اَ، اِ، اُ

اَا، اِیْ، اُوْ

اَنْ، اِنْ، اُنْ

شدّہ، مد، سکون

سبق 13

# زبر


زبر، زیر اور پیش کو حرکت کہتے ہیں، سب سے ہلکی حرکت جو آسانی سے ادا ہوتی ہے وہ زبر ہے، اس کو فتحہ بھی کہتے ہیں، اس کی آواز الف کی طرح ہوتی ہے مگر اس کو جلدی پڑھا جاتا ہے۔


## 1 زبر والی نظم

مخارِج اور صفات کے اشاروں کے ساتھ

1




2




3



## حروف کی چھوٹی شکلوں یا چہروں کے ساتھ

1



2



3


# مشق: زبر

**ہدایت برائے اساتذہ** اس سبق میں وہی الفاظ پیش کیے گئے ہیں جو قرآن میں بہت زیادہ استعمال ہوئے ہیں۔ مشق کے دوران جن الفاظ کے نیچے ترجمہ لکھا گیا ہے ایک بار وہ ترجمہ بھی پڑھا دیا جائے؛ تاکہ یہ بات بچوں کے ذہن میں بیٹھ جائے کہ یہ بے معنی الفاظ نہیں ہیں اور قرآن پڑھنے کے ساتھ اس کو سمجھنے کا شوق بھی پیدا ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| لَـ ـكَ | مَـ ـعَ | تَـ ـرَ |
| لَكَ | مَعَ | تَرَ |
| آپ کے لئے | ساتھ | آپ دیکھتے ہیں |
| جَـ ـعَـ ـلَ | مَـ ـعَـ ـكَ | تَـ ـرَكَ |
| جَعَلَ | مَعَكَ | تَرَكَ |
| خَـ ـلَـ ـقَ | بَـ ـلَـ ـغَ | اَخَـ ـذَ |
| خَلَقَ | بَلَغَ | اَخَذَ |
| وَ خَـ ـلَـ ـقَ | فَـ ـبَـ ـعَـ ـثَ | وَ جَـ ـعَـ ـلَ |
| وَخَلَقَ | فَبَعَثَ | وَجَعَلَ |